نمبر ۳۱ جلد ۴۰

RAMPUR STATE GAZET

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۱۲ صفر المظفر سنہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۳۰ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	[illegible]	[illegible]
۲	رخصت منشی [illegible]	[illegible]
۳	[illegible]	[illegible]
۴	[illegible]	[illegible]
۵	[illegible]	[illegible]
۶	[illegible]	[illegible]
۷	[illegible]	[illegible]
۸	[illegible]	[illegible]
۹	[illegible]	[illegible]

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

مورخہ ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

[illegible] تاکہ [illegible] حکم ہوا کہ باجرا [illegible] احکام [illegible] اطلاع [illegible]

ایک نقل [illegible] گزٹ ہو۔

[illegible]

حسب الحکم

دستخط صاحب [illegible] سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

مسل تحریر حاکم صاحب [illegible] در بارۂ منظوری رخصت منشی [illegible]

[illegible] جولائی [illegible] جولائی سنہ ۱۹۲۸ء [illegible]

[illegible]

حکم

رخصت [illegible] منظور [illegible] اطلاع دی جاوے۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

مثل تحریر حاکم صاحب صدر در بارہ منظوری رخصت دو ماہ چندی پرشاد اہلمد سررشتہ دہلی با قبضہ پولیس صدر عوض رام سروپ پسر [illegible] بوجہ علالت من ابتدا ۱۸ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء۔

حکم

حسب رائے حاکم صاحب صدر رخصت دو ماہ چندی پرشاد اہلمد سررشتہ دہلی با قبضہ پولیس صدر بعوض رام سروپ انکے پسر کے منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۱ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

مثل یادداشت مفتی صاحب عدالت دیوانی بتوسط عدالت ججی در بارہ منظوری رخصت سہ ہفتہ منشی مظفر حسین خان اہلمد مفتی عدالت دیوانی از ۱۳ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء لغایت ۴ اگست سنہ ۱۹۲۰ء

حکم

مزید رخصت تین ہفتہ مظفر حسین خان اہلمد دیوانی کی حسب سفارش مفتی صاحب منظور کیجاتی ہے۔ اس مدت تین ہفتہ میں بھی کام کا انتظام حسب رائے مفتی صاحب دیوانی کیا جائیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب جج جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

مثل یادداشت صاحب جج خفیف در بارہ منظوری رخصت خود [illegible] من ابتدا ۲۰ جولائی لغایت ۶ اگست سنہ ۱۹۲۰ء بوجہ روانگی ضلع غیر بضرورت پیروی مقدمات۔

حکم

رخصت مطلوبہ منظور ہے۔ ایام رخصت میں معمولی کام مفتی صاحب دیوانی انجام دینگے عرضداشت ابتدائی اجلاس ہمایوں میں پیش کی جاوے۔ اور احکام ضابطہ جاری کئے جاویں۔

دستخط فارسی صاحب جج جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۵ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

ہائی اسکول میں ایک [illegible] کی جگہ خالی تھی [illegible] سے صادر ہو چکی ہے لہذا حسب رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول [illegible] حسین کا تقرر ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء سے پندرہ روپیہ تنخواہ پر بالفعل تین ماہ کے لئے منظور کیا جاتا ہے۔ لہذا حکم ہوا کہ نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارسی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۰ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

مدرسہ [illegible] میں حسن امیر ولد محمد امیر [illegible] کا تقرر [illegible] تنخواہ پر آخر [illegible] سنہ ۱۹۲۰ء تک کے لئے منظور کیا جاتا ہے۔ لہذا حکم ہوا کہ نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارسی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲۴ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

مثل [illegible] عالیجناب نواب [illegible] بہادر [illegible] مقدمات [illegible] دفعہ ۳۲۴ [illegible] پیش کردہ [illegible] در بارہ شکایت مجسٹریٹ صاحبان [illegible] بکثرت راضی نامہ جات بمقدمات دفعہ مذکور العدد۔

حکم

۲۵ نومبر سنہ ۱۹۱۹ء کو اجلاس ہمایوں سے حکم صادر ہوا ہے کہ دفعات ۳۲۳ و ۲۲۵ کے مقدمات میں فریقین عدالت میں راضی نامہ داخل کر دیتے ہیں مجسٹریٹ صاحبان کو چاہئے کہ [illegible] راضی نامہ پر مزید احتیاط سے کارروائی کریں۔ لہذا اب پھر حکم موصوف مجسٹریٹ صاحبان کو [illegible] راضی نامہ پر مزید احتیاط سے کارروائی کرنے کی توجہ دلائی جاتی ہے۔ لہذا حکم ہوا کہ جملہ عدالتہائے فوجداری میں نقل اس حکم کی برائے [illegible] بھیجی جاوے اور درج گزٹ بھی ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

اپنے متعلقہ حلقوں کے انصرام اور بدمعاشوں کی نگرانی و انتظام سے قاصر ہیں اور وقوع وارداتکا یہی حال رہا باوجود دو تین ہو چکی ہیں انکا انکشاف اندرون میعاد نہ ہوا تو ہم فرداً فرداً افسران پولیس کا مناسب تنزل کر دینگے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو۔ ایک ایک نقل اطلاعاً صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت۔ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ تعلیم کے پاس بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس ایک ایک نقل جملہ تھانہ جات و چوکیات میں بھیجدیں۔ اور بعد ختم مدت اطلاعی رپورٹ پیش کریں۔

دستخط والاجناب نواب لیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

نقشہ جات جرائم ہفتہ دوم و سوم ماہ جون سنہ ۱۹۲۰ء ملاحظہ ہوئے (۳۳) جرائم غیر دست اندازی اور (۲۳) دست اندازی کے ہیں منجملہ (۲۳) کے (۸) کوتوالی (۱۵) گنج - باقی دیگر تھانہ جات کے ہیں - ان میں سے (۱۴) جرائم زیر تفتیش ہیں -

دو ہفتہ میں (۵۶) جرائم قابل توجہ ہیں - ہم برابر وقتاً فوقتاً پولیس کو مناسب ہدایات اور تاکیدیں کرتے رہے ہیں کہ وہ اپنا متعلقہ کام مستعدی و جانفشانی سے انجام دے - تاکہ جرائم کا انسداد ہو - زیادتی جرائم ہمیشہ پولیس کے تساہل اور غفلت سے ہوا کرتی ہے کیونکہ تمامی شہر اور کل علاقہ زیر اثر و زیر حفاظت پولیس ہے - اور ظاہر ہے کہ وقوع جرائم کا تعلق بدمعاشوں کی ذات سے ہے - جبکہ پولیس کا اختیار جملہ انسانی زندگی پر حاوی ہے تو پولیس کیوں بد وضع اشخاص کی نگرانی نہیں کرتا اور اونکی نقل و حرکت کو کیوں مد نظر نہیں رکھتا تاکہ جرائم بند ہوں - اگر پولیس کا انتظام درست ہو تو اغلب ہے کہ وارداتیں بالکل بند یا کم از کم بہت کم ہو جائیں - شہر اور مضافات میں بقدر ضرورت تھانہ جات ہیں اور اونکے ذیل میں چوکیات ہیں - شہر کا ہر محلہ اور مضافات کا ہر موضع علاوہ دیگر کانسٹبلان کے کانسٹبلان چوکیدار پر تقسیم ہے - جس سے یہی غرض ہے کہ وہ اپنے اپنے حلقہ جات کے جرائم پیشہ اشخاص کے حال سے واقف و باخبر رہیں - لیکن یہ جب ہی ممکن ہے کہ پولیس دل سے مستعد و جانفشاں بنے اور اپنے فرائض کو بہ دیانت و محنت سر انجام دے - افسوس ہے کہ پولیس باوجود تاکید اشد کے اس کا اہل نہیں بنتا - خارج از بحث و بیکار از مفاد ناشی باتوں میں فضول وقت صرف کرتا ہے حالانکہ پولیس کو نظام عمل کی درستی میں کوشش کرنا چاہئے اور وہ علاوہ ایسے ذرائع اختیار کرے جن سے جرائم کا انسداد ہو جائے - اگرچہ ہمارا قیام اسوقت شملہ پر ہے لیکن محکمہ پولیس کیجانب ہماری توجہ اسی طرح مبذول ہے جس طرح قیام شہر کے زمانہ میں ہوتی ہے - حالات پولیس دریافت ہونیکے کافی ذرائع یہاں فراہم ہیں - ڈیلی رپورٹ پولیس نقشہ جرائم ماہانہ - نقشہ جرائم ہفتہ وار نیز دیگر کاغذات پولیس تاریخوار ملاحظہ میں یہاں آ رہے ہیں - علاوہ ازیں دوسرے طریقوں سے بھی بطور خاص کارروائی پولیس کے حالات ہمکو وقتاً فوقتاً دریافت ہوتے رہتے ہیں -

انہیں کاغذات کے ملاحظہ اور واقعات کی سماعت سے ظاہر ہوتا ہے کہ پولیس اپنی سابقہ قابل افسوس حالت کی طرف متوجہ ہو رہی ہے - اور وہی قابل اعتراض رفتار اختیار کر رہی ہے جس کی نہایت کوشش کے ساتھ اصلاح کی گئی تھی - جوں جوں ہماری عدم موجودگی کو زمانہ گذر رہا ہے اوسی تناسب سے یوماً فیوماً پولیس کے تساہل اور بد نظمی میں ترقی ہو رہی ہے - وارداتیں قابل دست اندازی پولیس - سرقہ - سرقہ معہ نقب - ماربیٹ - خنجر زنی - ڈکیتیاں - چوریاں وغیرہ - رشوت ستانی - غرضکہ ہر چھوٹے سے چھوٹے جرم سے لیکر بڑے سے بڑے جرم کا بلا خوف و خطر ارتکاب ہو رہا ہے اور افسران پولیس بلا لحاظ فرائض منصبی تساہل اور لا پروائی میں مبتلا ہیں - قطعی اس بات کا احساس نہیں کہ اونکے فرائض کیا ہیں اور سرکار سے کس بات کی تنخواہ پاتے ہیں -

ہمارے قیام دہلی اور کوہ آبو کے زمانہ میں بھی پولیس نے سخت لاپروائی پکڑ لی تھی جسکی تنبیہ کی گئی تھی اور اب اس موقعہ پر پھر وہی صورت پیدا ہوتی جاتی ہے -

ہم ہرگز نہیں چاہتے اور نہ ہمارا منشا ہے کہ پولیس پر تشدد اور سختی روا رکھی جائے لیکن یہ اسوقت ممکن ہو سکتا ہے جبکہ پولیس اپنے فرائض کا احساس کرے اور اپنی ڈیوٹی عمدگی سے انجام دے -

ہم موقعہ بہ موقعہ دیتے رہے ہیں اور ہدایت پر ہدایت کر رہے ہیں کہ پولیس اپنی حالت کو درست کر لے لیکن افسوس ہے کہ بجائے دیانت اور کوشش سے اپنے فرائض انجام دینے اور انتظام میں ترقی کرنیکے ہماری غیبت میں انتظام اور اصلاح بھی درہم برہم کر دیجاتی ہے جو ہم اپنی موجودگی میں نہایت جانفشانی اور کوشش سے کر دیتے ہیں -

افسران پولیس صرف ایک امر میں ترقی کر رہے ہیں اور وہ آپس کا نفاق اور ایک دوسرے پر حسد ہے - افسوس ہے - یہی ایک دوسرے کو ضرر رسانی کی کوشش اور باہمی نفاق - کثرت جرائم و بد نظمی کی تخم ریزی کا معاون اور مددگار ہے - پولیس کے فرائض میں ذاتیات شامل نہیں ہیں بلکہ اوس کا فرض ہے کہ اپنی دیانت - کوشش اور انتظام سے کوئی اور کسی قسم کی واردات ہونے نہ دے - اور اگر اتفاقیہ کوئی واردات ہو بھی جائے تو اوسکی کارروائی تفتیش وغیرہ جلد از جلد کامیابی کے ساتھ ختم ہو اور مجرم اپنے کئے کی سزا کو پہونچے - برخلاف ازیں یہاں یہ دیکھا جا رہا ہے کہ مہینوں سے بکثرت مقدمات زیر تفتیش اور التوا میں ہیں - تفتیش کو ملتوی کئے جانا بجز اسکے اور کیا معنی رکھتا ہے کہ مجرموں کو موقعہ دیا جائے کہ وہ ثبوت کو خراب کر دیں اور الزام سے بری ہو جائیں اور دوسرے جرم کے لئے مستعد اور تیار ہو جائیں - پولیس کے تساہل اور بد نظمی سے جرائم پیشہ اشخاص پورا پورا فائدہ اٹھا رہے ہیں - چنانچہ بتاریخ ۱۶ ماہ حال ذریعہ لفافہ شریف معلوم ہوا کہ حدود تھانہ سوار میں ایک [illegible] کا سرقہ ہوا - اور ۱۹ جولائی سنہ حال کو سب انسپکٹر تھانہ گنج قدیم کی رپورٹ سے ظاہر ہوا ہے کہ کالے خان و گورے خان کے مکانات میں تعدادی مبلغ کا سرقہ معہ نقب زنی ہوا - اسکے علاوہ دیگر ڈیلی رپورٹ پولیس سے قریب قریب ہر روز وارداتوں کا انکشاف ہوتا رہتا ہے اور بعض ڈیلی رپورٹ میں دو دو سرقہ کی وارداتوں کا بھی اندراج ہوتا ہے - کیا یہ تمام واقعات اس قابل ہیں کہ خاموشی اختیار کیجائے - اور رعایا کو جرائم پیشہ اشخاص کے رحم پر چھوڑ دیا جائے -

اہل پولیس خصوصاً صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس - ہر سہ انسپکٹران حلقہ اور سب انسپکٹران انچارج تھانہ جات متنبہ ہوں - اس مرتبہ بطور خاص موقعہ دیا جاتا ہے اور دو ہفتہ کی میعاد مقرر کیجاتی ہے - اندرون میعاد جرائم کا انسداد ہو جائے - مال مسروقہ کی بازیافت ہو اور جملہ مقدمات زیر تفتیش کی کارروائی کامیابی کے ساتھ ختم کیجائے اور برائے آئندہ جملہ افسران پولیس نہایت محنت سے کام کریں اور ہر ممکن طریقہ سے اپنی کارگزاری دکھائیں اور اون تمام الزامات سے جو پولیس کے لئے نہایت مذموم اور ناموزوں ہیں اپنے آپکو محفوظ رکھیں - ورنہ بصورت دیگر اگر وہ اپنے

ہفتہ چہارم۔ نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور۔ ماہ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۔۱۰۲ ۔۸۴ ۔۹	۔۱۰۷	۔۱۰۴ ۔۱۰	۔۸ ۔۱۰۴		۔۱۰۳	
نخود خالص	۔۱۵	۔۱۰۷	۔۱۴	۔۱۴		۔۱۴	
نخود کی امیزش	۔۱۰۴	۰	۔۱۰۴	۔۱۸		۔۱۰۴	
کسیہ	۔۱۸	۰	۔۱۰۴	۔۱۰۸		۔۱۸	
ماش	۔۱۶	۰	۔۱۴	۔۱۵		۔۱۶	
مونگ	۔۱۰۳	۰	۰	۰	۰	۔۱۵	
مکا	۔۱۱۳	۰	۰	۰	۰	۔۱۸	
جئی	۔۱۱۱ ۔۱۱	۰	۔۱۱	۔۱۱۲		۔۱۱	
گوجئی	۔۱۱۲ ۔۱۱	۰	۔۱۲	۰		۔۱۰۸	
عدس	۔۱۲	۰	۔۱۰۸	۔۱۸		۔۱۸	
ارہر	۔۱۰۶ ۔۱۸ ۔۱۹	۰	۔۱۵	۔۱۸		۔۱۸	
برنج	۔۱۰۴	۔۱۳	۔۱۴ ۔۱۵	۔۱۰۳ ۔۱۰۴		۔۱۵	
روغن زرد	۱۰ چھٹانک	۹ چھٹانک	۹ چھٹانک	۱۰ چھٹانک		۔۱۰	
روغن سیاہ	۔۱۰۱	۔۱۲	۔۱۰۱ ۔۱۱	۔۱۱۲		۔۱۰۱	
روغن کنجد	۔۱۱	۔۱۱	۔۱۱	۔۱۲		۔۱۱	
نمک سانبھر	۔۱۳	۔۱۲	۔۱۰۲	۔۱۱		۔۱۲	
نمک لاہوری	۔۱۲	۔۱۸	۔۱۲	۰		۔۱۰	
قند سیاہ	۔۱۵ ۔۱۰۵	۔۱۵	۔۱۰۴	۔۱۰۵		۔۱۲	
باجرہ	۔۱۱۰	۰	۰	۰	۰	۔۱۸	

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۲۰ لغایت ۲۶ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	امروزہ	از یکم جون	امروزہ	از یکم جون	امروزہ	از یکم جون	امروزہ	از یکم جون	امروزہ	از یکم جون	امروزہ	از یکم جون
۲۰ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء یوم جمعہ	۰	۱۸۸	۰	۲۲۰	۰	۱۹۹½	۰	۷۹	۰	۱۳۴	۰	۱۳۹
۲۱ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء یوم شنبہ	۰	۱۸۸	۰	۲۲۰	۰	۱۹۹½	۰	۷۹	۰	۱۳۴	۰	۱۳۹
۲۲ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء یوم یکشنبہ	۰	۱۸۸	۰	۲۲۰	۰	۱۹۹½	۰	۷۹	۰	۱۳۴	۰	۱۳۹
۲۳ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء یوم دوشنبہ	۱۵	۲۰۳	۳۱	۲۵۱	۱۳½	۲۱۳	۳۳	۱۱۲	۱۸	۱۲۵	۲۰	۱۵۹
۲۴ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء یوم سہ شنبہ	۱۰	۲۱۳	۱۵	۲۶۶	۲½	۲۰۱½	۹	۱۲۲	۱۹	۱۸۱	۱۰	۱۶۹
۲۵ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء یوم چہارشنبہ	½	۲۱۳½	۳	۲۶۹	۳	۱۹۵½	۱۲	۱۳۴	۱۱	۱۹۲	۵	۱۷۴
۲۶ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء یوم پنجشنبہ	۹	۲۲۰½	نقشہ نہیں آیا	۰	۳½	۲۰۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۵	۱۹۶	۴	۱۷۸

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور - ماہواری - جون سنہ ۱۹۲۸ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد ہندو	تفصیل پیدائش: عورت مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک مرد	ایک سال سے ۵ سال تک عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک عورت	۱۲ سال کے زیادہ مرد	۱۲ سال کے زیادہ عورت	میزان مرد	میزان عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	طاعون	بخار	[illegible]	[illegible]	دیگر امراض	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۳۶	۴	۲۵	۵	۷۰	۶۱	۹	۲۷	۱۰	۱	۱	۱۶	۲۱	۴۴	۳۲	۵۵	۲۱	۰	۴	۰	۴۲	۰	۰	۰	۷۶	
گنج	۱۰	۰	۹	۲	۲۱	۱۹	۲	۷	۳	۱	۲	۴	۸	۱۲	۱۳	۲۱	۴	۰	۰	۲۴	۱	۰	۰	۰	۲۵	
حوالیہ شہر	۳	۱۴	۵	۵	۲۷	۸	۱۹	۴	۳	۳	۱	۳	۲	۱۰	۶	۹	۷	۰	۰	۱۶	۰	۰	۰	۰	۱۶	
عظیم نگر	۱۵	۱۳	۱۳	۱۱	۵۲	۲۸	۲۴	۵	۰	۰	۱	۲۰	۲	۲۰	۸	۱۷	۱۱	۰	۰	۰	۲۸	۰	۰	۰	۲۸	
شاہ آباد	۹	۲۸	۴	۱۳	۵۴	۱۳	۴۱	۱۱	۱۰	۱	۱	۶	۷	۱۹	۱۷	۶	۳۰	۰	۰	۳۵	۱	۰	۰	۰	۳۶	
بنوائی	۱۲	۳۰	۱۱	۴۲	۱۱۳	۲۷	۸۶	۸۳	۱۵	۳	۶	۹	۱۲	۳۴	۳۸	۱۳	۵۹	۰	۲	۰	۶۹	۱	۰	۰	۷۲	
ملک	۱۰	۴۷	۱۴	۲۹	۱۵۹	۲۳	۱۴۵	۲۰	۲۱	۱	۱	۴۸	۲۴	۴۹	۴۲	۱۳	۸۲	۰	۰	۰	۹۵	۰	۰	۰	۹۵	
بلاسپور	۱۱	۹	۱۲	۱۲	۴۴	۲۳	۲۱	۱۹	۲۸	۳	۰	۱۷	۱۵	۳۸	۳۵	۴۴	۲۹	۲	۰	۷۰	۱	۰	۰	۰	۷۳	
کیمری	۲۳	۳۳	۱۱	۳۲	۹۹	۳۵	۶۴	۲۹	۱۸	۵	۰	۲۷	۲۰	۶۱	۳۸	۴۶	۵۳	۰	۰	۰	۸۷	۱	۰	۱۱	۹۹	
سوار	۱۳	۱۳	۷	۴	۳۷	۱۹	۱۸	۵	۵	۲	۳	۱۲	۱۰	۲۳	۱۰	۱۷	۱۶	۰	۰	۰	۳۱	۱	۰	۱	۳۳	
ٹانڈہ	۱۵	۱۲	۱۴	۷	۵۱	۳۲	۱۹	۱۸	۱۷	۱	۳	۱۲	۹	۳۱	۲۲	۳۱	۲۲	۰	۰	۰	۵۳	۰	۰	۰	۵۳	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	